

Urdu

وِلو نالے (Willow Brook) کو کچرے سے پاک رکھنا

لیسٹر کے ولو نالے اور اس کی دیکھ بھال میں ہم سب کس طرح مدد کر سکتے ہیں کے بارے میں جانیں

Canal & River Trust

Environment Agency

Leicester City Council

کیاآپ ولو نالے کو جانتے ہیں؟



- ولونالہ شہر کے شمال مشرقی حصے میں ہے جو سپنی ہلز سے بیلگریو تک چلتا ہے۔یہ ایک میل سے زیادہ لمبا ہے اور ابی پارک کے مقام پر گرینڈ یونین کینال میں مل جاتا ہے۔
- لیسٹر کی بہت سی گلیاں ولونالے کے ساتھ چلتی ہیں۔یہ نالہ گھروں اور کاروباری اداروں کے قریب سے گزرتا ہے۔یہ آپ کے پچھلے صحن یا گارڈن کے آخر پر یا آپ کے کاروباری احاطے کے قریب ہو سکتا ہے۔
- ولونالے کا زیادہ تر حصہ کنکریٹ کا بنا ہوا ہے، لیکن شہر میں کوئی بھی کھلا پانی گڑیا نالی نہیں ہے۔



کچرہ ایک مسئلہ کیوں ہے؟

نالے میں اکثر کچرہ ہوتا ہے۔ کچرہ ہمارے ماحول کو صاف، محفوظ اور صحت مند ہونے سے روکتا ہے۔ نالے میں کچرے کی بڑی مقداریں رکاوٹوں کا باعث بن سکتی ہیں اور گھروں اور کاروباروں کے لیے سیلاب کے خطرے کو بڑھا سکتی ہیں۔ ولو نالہ پانی کے دیگر نالوں میں جا کر مل جاتا ہے، اس لیے اس میں موجود کچرہ ہماری نہروں، دریاؤں اور بالآخر ہمارے سمندروں کو آلودہ کر سکتا ہے۔

- ولو نالے میں پائے جانے والے کچرے کی اہم اقسام پلاسٹک، دھاتیں، پولیسٹائیرین، کپڑے، ٹائر اور لکڑی کا فرنیچر ہیں۔
- نالے میں پایا جانے والا کچرہ گھروں اور کاروباری اداروں کا فضلہ ہے۔
- فلائی ٹپنگ بھی ولو نالے میں پائے جانے والے کچرے میں حصہ ڈالتی ہے۔ فلائی ٹپنگ عوامی (پبلک) یا نجی (پرائیویٹ) زمین پر کچرا پھینکنا ہے۔ یہ ایک جرم ہے، اور آپ کو جرمانہ ہو سکتا ہے۔
- کچرہ جنگلی حیات کو متاثر کرتا ہے جیسے پرندے اور چھوٹے ممالیہ جانور۔ یہ قدرتی ماحول کو آلودہ کرتا ہے اور جانداروں کی رہائش گاہوں کو متاثر کرتا ہے۔

- ✔ اپنا کوڑا گھر لے جائیں
- ✔ ری سائیکلنگ سینٹرز کو استعمال کریں
- ✔ کچرے، فلائی ٹپنگ یا پانی میں آلودگی کی اطلاع

یہ تمام رہائشیوں اور کاروباری اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہمارے نالوں کو کوڑے اور کچرے سے محفوظ رکھیں۔

فلائی ٹپنگ کرنے والوں اور آلودگی پھیلانے والوں کو پکڑنے اور جرمانہ کرنے میں مدد کے لیے ولو نالے کے ساتھ نئی نگرانی نصب کی جا رہی ہے۔

مندرجہ ذیل میں مدد دیں

- ✓ ایک محفوظ، صاف اور صحت مند ماحول کو برقرار رکھنا
- ✓ سیلاب کو کم کرنا
- ✓ ہنسوں، بطخوں، بگلوں، پانی کے وولز (water voles) جیسے جانوروں کی حفاظت کرنا

مندرجہ ذیل کو روکیں

- x فلائی ٹپنگ (غلط جگہ کچرہ پھینکنا)
- x کوڑا پھینکنا (گھریلو اور صنعتی کچرہ)
- x آلودگی پھیلانا
- x نالے میں رکاوٹیں پیدا کرنا

فلائی ٹپنگ (غلط جگہ کچرہ پھینکنے) اور کچرے کی اطلاع دیں

my.leicester.gov.uk

0116 454 1001

city.warden@leicester.gov.uk

@citywardens

love clean streets

آپ کچرے، فلائی ٹپس یا گریفیٹی (عوامی جگہوں پر دیواروں پر لکھنا یا تصویریں بنانا) کی تصاویر لے سکتے ہیں اور لو کلین سٹریٹس (Love Clean Streets) ایپ پر ان کی اطلاع دے سکتے ہیں، ملاحظہ کریں:

love.leicester.gov.uk

اپنے کچرے کو صحیح طریقے سے ٹھکانے لگائیں

گھریلو کچرے اور ری سائیکلنگ والے مواد کو لے جانے کی سروس استعمال کریں

leicester.gov.uk/waste

کچرے کی بھاری اشیاء (بلکی ویسٹ) کو مفت لے جانے کی سروس بک کریں۔

my.leicester.gov.uk

پانی کے نالے میں فلائی ٹپنگ کی اطلاع دیں۔

سیلاب اور نکاسی آب کی ٹیم:

flooding@leicester.gov.uk

0116 454 1001

پانی کے نالے میں آلودگی کی اطلاع دیں

gov.uk/report-an-environmental-incident

0800 80 70 60 (24 گھنٹے کی سروس)

ری سائیکلنگ کے متعلق معلومات

leicester.gov.uk/recycling

@orangebagleics

کاروباری کچرے کو لے جانے کی سروس

leicester.gov.uk/tradewaste

ایک چھوٹا سا کام کریں

اگر ہم ہر بار جب کسی دریا یا نہر پر جائیں تو پلاسٹک کا صرف ایک ٹکڑا اٹھا لیں تو ایک سال کے اندر اندر کوئی پلاسٹک باقی نہیں رہے گا۔

کینال اینڈ ریور ٹرسٹ کے پلاسٹک چیلنج (PlasticChallenge#) میں شامل ہوں۔

Produced by Leicester City Council Flood Risk Team July 2022